
Urdu | اردو

**Roll up for WA**

COVID-19 Vaccination




GOVERNMENT OF WESTERN AUSTRALIA

# ویکسینز کے بارے میں حقائق معلوم کریں


**نئی چیزوں کے بارے میں ہمارے کچھ سوالات ہونا نارمل ہے۔ معلوم کریں کہ COVID-19 ویکسینز کے بارے میں کیا سچ ہے اور کیا جھوٹ ہے۔ مل کر، ہمیں ویکسینز پر بھروسا بڑھانے کی ضرورت ہے کیونکہ ویکسین لگوانے والا ہر ایک شخص عالمگیر وبا کے خاتمے میں ہماری مدد کر تا ہے۔**

## سچ




**ویکسینز محفوظ ہیں۔**

دنیا بھر میں بہت سے لوگوں نے COVID-19 ویکسینز بنانے کے لیے مل کر کام کیا ہے، مل کر رقم اور سائنسدان مہیا کیے ہیں تاکہ یہ کام چند مہینوں میں، کوئی مرحلہ چھوڑے بغیر، پورا ہو جائے۔ ویکسینز کو آسٹریلیا میں منظوری صرف تب ملتی ہے جب انہیں ٹیسٹنگ کے بعد محفوظ اور مؤثر پایا جائے۔ تمام ویکسینز کی معیار کے لیے ٹیسٹنگ اور حفاظت کے حوالے سے نگرانی جاری ہے۔



**COVID-19 ویکسینز میں زندہ وائرس نہیں ہوتا اور ان سے آپ کو COVID-19 نہیں لگ سکتا۔**

ویکسینز اصل وائرس کی نقل کرتی ہیں اور آپ کے جسم کو اپنا دفاع کرنا سکھاتی ہیں۔ اس طرح آپ زیادہ بیمار ہونے اور ہسپتال جانے بلکہ موت سے بھی بچ جاتے ہیں۔



**ویکسین کی سوئی سے مائیکروچپ نہیں گزر سکتی**

اس غلط تصوّر کی بنیاد ایک جعلی وڈیو پر ہے جو سوشل میڈیا میں پھیلی ہوئی ہے۔

## غلط تصوّر

✗ COVID-19 ویکسینز اتنی تیزی سے منظور کی گئی تھیں کہ یہ محفوظ نہیں ہو سکتیں۔

✗ COVID-19 ویکسین سے آپ کو COVID-19 لگ سکتا ہے۔

✗ COVID-19 ویکسینز میں میری ٹریکنگ کرنے کے لیے مائیکروچپ لگی ہوئی ہے۔

# ویکسینز کے بارے میں حقائق معلوم کریں

## سچ

**ویکسینز ویسٹرن آسٹریلیا میں ہر شخص کے لیے مفت ہیں۔**
اس میں عارضی رہائشی، پناہ گزین، تارکین وطن اور مؤثر ویزے نہ رکھنے والے لوگ شامل ہیں۔

**ہمیں ویکسینز میں موجود ہر ایک جزو کے بارے میں علم ہے۔**
ویکسینز میں زیادہ تر پانی ہے اور نمک، چینی اور چکنائیاں ہیں۔ ویکسینز میں گرافین آکسائیڈ، گلوٹن، انڈا، گندم، شہد کی مکھی کا زہر، لیٹکس (ربر) یا جانوروں سے حاصل کردہ مصنوعات شامل نہیں ہیں۔ آسٹریلین فتوی کاؤنسل نے ویکسینز کے حلال ہونے کی منظوری دی ہے۔

**چاہے آپ کے پاس میڈی کیئر نہ ہو، آپ COVID-19 ویکسین لگوا سکتے ہیں۔**
آپ کو اپنی اپائنٹمنٹ پر اپنی شناخت ثابت کرنی ہو گی لہذا براہ مہربانی کوئی ایسی دستاویز ساتھ لائیں جس پر آپ کا نام لکھا ہو جیسے ڈرائیونگ لائسنس، خط یا بل۔

**COVID-19 ویکسین لگوانے سے آپ مقناطیسی نہیں بن جاتے - جسم کا کوئی بھی حصہ مقناطیسی نہیں بنتا**
COVID-19 ویکسینز میں کوئی مقناطیسی اجزا نہیں ہیں جن کی وجہ سے ایسا ممکن ہو۔ کسی مقناطیس کو اپنی طرف کھینچنے کے لیے بہت سی دھات کی ضرورت ہوتی ہے۔ مثال کے طور پر، لوگ ملٹی وٹامنز لیتے ہیں جن میں اکثر فولاد بھی ہوتا ہے۔ اس سے وہ مقناطیسی نہیں بن جاتے کیونکہ اجزا بہت پتلے گھلے ہوتے ہیں اور پورے جسم میں پھیلے ہوتے ہیں۔

**COVID-19 ویکسینز سے اولاد پیدا کرنے کی صلاحیت پر اثر نہیں پڑتا۔**
ویکسینز سے ابھی یا مستقبل میں آپ کی بچہ پیدا کرنے کی صلاحیت پر اثر نہیں پڑتا۔ یہ بھی پرزور مشورہ دیا جاتا ہے کہ حاملہ خواتین اپنے اور اپنے بچے کے تحفظ کے لیے COVID-19 ویکسین لگوائیں۔

## غلط تصوّر

COVID-19 ویکسین لگوانے پر خرچ اٹھتا ہے۔

ہم نہیں جانتے کہ ان ویکسینز میں کیا ہے۔

COVID-19 ویکسین لگوانے کے لیے آپ کے پاس کارآمد میڈی کیئر کارڈ ہونا ضروری ہے۔

COVID-19 ویکسینز کی وجہ سے مقناطیس آپ کی بازو سے چپک سکتا ہے۔

COVID-19 ویکسینز اولاد پیدا کرنے کی صلاحیت کو متاثر کرتی ہیں۔

اپنی COVID-19 ویکسینیشن کے لیے رجسٹریشن اور بکنگ کریں۔

rollupforwa.com.au

13COVID
(13 26843)
زبانی مترجم لینے کے لیے * دبائیں